UBL

where **you** come **first**




وقت سے پہلے آپ کی منزل

بیٹر لائف شاہین پلان

111-825-888 www.ubldirect.com UBLUnitedBankLtd/

/ubldigital /ubldigital /ubldigital /United-Bank-Limited



ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے بیٹر لائف شاہین پلان ایک ایسا پلان جو زیادہ ایلوکیشن کے ساتھ صارفین کو غیر معمولی فوائد فراہم کرتا ہے۔ بچت کی مدت کے دوران جمع شدہ فنڈز کو مستقبل کی معاشی اہداف کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے، چاہے وہ بچوں کی شادی یا تعلیم ہو، گھر خریدنا ہو کوئی نیا کاروبار شروع کرنا ہو یا آنے والے کل کے لئے بچت کرنی ہو۔ یہ پلان بہترین کوریج کے ساتھ ساتھ کم اور زیادہ مدت کے لئے سیونگز کے مواقع فراہم کرتا ہے۔

## پلان کے مقاصد

پلان میں دیئے گئے پریمیم پالیسی ہولڈر کے منتخب شدہ فنڈ کے یونٹس کی خریداری میں استعمال ہوتے ہیں، جس کے پاس پالیسی کے آغاز میں سرمایہ کاری کے اہداف اور خطرات سے بچنے کیلئے یونٹس سیونگز فنڈز میں سے انتخاب کی سہولت موجود ہے۔

## اہم خصوصیات:

| | |
|---|---|
| عمر کی اہلیت | 18 سے 65 سال |
| پلان کی مدت | 10 سے 57 سال |
| میچورٹی پر عمر کی حد | 75 سال |
| کم از کم پریمیم | 250,000 روپے سالانہ |
| فنڈ ایکسلریشن پریمیم | کم از کم 50,000 روپے، زیادہ سے زیادہ کی کوئی حد نہیں |
| سم اشورڈ | سالانہ پریمیم X پروٹیکشن ملٹی پل |
| پروٹیکشن ملٹی پل | 5 سے 75 |

نوٹ: برائے مہربانی یو بی ایل برانچز میں انشورنس کے نامزد نمائندے سے رابطہ کریں جو آپ کی ضرورت کے مطابق مناسب پلان بنانے میں آپ کی مدد کریگا۔

### پروٹیکشن بینیفٹ:

پالیسی ہولڈر (انشورڈ شخص) کی ناگہانی وفات کی صورت میں نامزد بینیفشری مندرجہ ذیل ڈیتھ بینیفٹ کی صورت میں حاصل کریں گے:

- بنیادی پلان کا سم اشورڈ اور یونٹس کی کیش ویلیوان میں سے جو بھی زیادہ ہو۔

بمعہ

- فنڈ ایکسلریشن پریمیم کے یونٹس کی کیش ویلیو۔

### میچورٹی بینیفٹ:

پلان کی میچورٹی پر پالیسی ہولڈر (انشورڈ شخص) کو تمام کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔

### پرائمس بینیفٹ:

اس پلان کا ایک اور فیچر ہمارے معزز صارفین کے لئے پرائمس (PRIMUS) ہے۔ پرائمس اپنی نوعیت کا پہلا فیچر ہے جو لائف انشورنس سیکٹر میں متعارف کروایا گیا ہے۔ پرائمس کے ساتھ آپ منفرد قسم کے مختلف فوائد سے روشناس ہونگے جو کہ خاص طور پر آپ کی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مرتب کئے گئے ہیں

## آپشنل بینیفٹ: (اضافی اختیاری فوائد)

- **فیملی انکم بینیفٹ**

یہ بینیفٹ اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ پلان کی مدت کے دوران پالیسی ہولڈر (انشورڈ شخص) کی ناگہانی وفات کی صورت میں فیملی کو ایک ماہانہ انکم ملتی رہے۔

- **ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ***

ایکسیڈینٹ سے وفات کی صورت میں، یہ بینیفٹ ایک اضافی لمپ سم بینیفٹ فراہم کرتا ہے۔

- **ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈیسیبلیٹی بینیفٹ***

حادثاتی یا معذوری کی صورت میں یہ رائڈر ایک اضافی لمپ سم بینیفٹ فراہم کرتا ہے۔

- **ایکسیڈینٹل ڈیتھ اینڈ ڈیسیبلیٹی بینیفٹ پلس***

حادثاتی موت یا معذوری (جزوی یا مکمل) کی صورت میں جو آپ کو مستقل معذور کردے۔ آپ کی فیملی کو اس مشکل سے نمٹنے کے لئے یہ رائڈر ایک اضافی لمپ سم بینیفٹ فراہم کرتا ہے۔

- **لائف کیئر بینیفٹ پلس**

خدانخواستہ اگر آپ کو پہلے سے بتائی گئی کورڈ خطرناک بیماری میں سے کوئی ایک لاحق ہو جائے ، یہ رائڈر مین پلان کے سم اشورڈ کے برابر ایک بینیفٹ فراہم کرتا ہے۔

- **میڈیکل ریکوری بینیفٹ**

یہ پاکستان میں اپنی طرز کا ایک پہلا اور جدید بینیفٹ ہے جو کہ پہلے سے بتائےگئے کورڈ میڈیکل حالات کی صورت میں ایک لمپ سم فراہم کرتا ہے۔

- **ہاسپٹل کیئر پلس**

یہ رائڈر آپ کو ہاسپٹل میں داخل ہونے کی صورت میں روزانہ کی بنیادوں پر مختص رقم فراہم کرے گا اگر آپ کسی حادثے یا بیماری کی صورت میں زیر علاج ہونگے۔

## ویور آف پریمیم

اگر کسی معذوری یا بیماری کی صورت میں پالیسی ہولڈر ( انشور ڈ شخص ) اپنا ذریعہ معاش جاری نہ رکھ سکیں تو پلان کا پریمیم ای ایف یو لائف کی جانب سے ادا کیا جائے گا۔

## ایڈیشنل ٹرم اشورنس

یہ رائیڈر ایک اضافی رقم کے ساتھ پالیسی ہولڈر (انشورڈ شخص ) کی وفات کی صورت میں لائف کور کو بڑھا دیتا ہے۔

* ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹس میں سے ایک وقت میں کسی ایک کا انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

## اضافی پریمیمز

آپ اپنے پلان میں پالیسی کی شروعات یا مدت میں کبھی بھی اضافی رقم کی ادائیگی سے کیش ویلیوز کو بڑھا سکتے ہیں ۔ یہ لمپ سم ادائیگیاں فنڈ ایکسلریشن پریمیم (FAP) کہلاتی ہیں۔

## جزوی دستبرداری

آپ کوئی بھی رقم نکلوا سکتے ہیں، اپنی فوری ضروریات کو پورا کرنے کیلئے، پالیسی سے دستبرداری کیئے بنا۔ جزوی دستبرداری کم سے کم 250,000 فنڈ میں چھوڑ کر حاصل کی جاسکتی ہے۔

## پالیسی سے مکمل دستبرداری

دو سال کے پریمیم کی ادائیگی کے بعد آپ اپنے پلان سے مکمل طور پر دستبردار ہوسکتے ہیں۔ سرینڈر کے وقت آپ کو آپ کے فنڈ کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائیگی۔ البتہ شروع کے سالوں میں سرینڈر کرنے سے کیش ویلیوز کم ہونگی۔

## فری لُک پیریڈ

14 دنوں پر مشتمل فری لُک پریڈ ہے جس میں آپ پالیسی کی شرائط وضوابط کا بغور مطالعہ کرسکتے ہیں اور پالیسی کینسل بھی کرواسکتے ہیں۔ پالیسی دستاویزات ملنے کے 14 دن کے اندر تحریری درخواست ملنے کے بعد آپکا پریمیم واپس کردیا جائیگا۔ اس بات کو نوٹ کریں کے ای ایف یو لائف میڈیکل کی مد میں کیئے گئے اخراجات کو منہا کرنے کا مجاز ہوگا۔

## افراطِ زر سے تحفظ

یہ آپشن آپ کو ذہنی سکون اور تحفظ فراہم کرتا ہے کہ پلان میں دیئے گئے بینیفٹس سالانہ افراطِ زر کے ساتھ خود بخود بڑھ جائینگے۔ اس آپشن کے تحت آپ کا پریمیم پچھلے سال کے پریمیم سے پانچ فیصد بڑھے گا۔

اسی طرح سم اشورڈ اور اضافی بینیفٹس اسی تناسب سے بڑھ جائینگے، البتہ آپ سم اشورڈ کو اُتنا ہی رکھتے ہوئے صرف پریمیم کو بھی بڑھا سکتے ہیں۔ سم اشورڈ انڈیکسیشن (سم اشورڈ کا بڑھنا) 55 سال کی عمر تک موجود ہے۔ اگر آپ نے شروعات میں معیاری اصطلاحات منظور کرلی ہوں۔

## یونٹ ایلوکیشن

بنیادی پلان کی کنٹری بیوشن کو سرمایہ کاری کے لئے مختص کرنے کی شرح نیچے دیکھی جاسکتی ہے۔




## فنڈ مینجمنٹ

ای ایف یو لائف کے فنڈز کی دیکھ بھال سرمایہ کاری کے ماہرین کرتے ہیں، جو مالی اور معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے اس امر کو یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں کہ سرمائے کو بہتر سے بہتر جگہ پر لگایا جائے۔

دیئے گئے فنڈز میں سے انتخاب کیا جاسکتا ہے:

### ای ایف یو مینجڈ گروتھ فنڈ

ایک متوازن سرمایہ کاری کی حکمت عملی پر مشتمل سرمایہ کاری فنڈ۔ اس کا مقصد، سرکاری سیکیورٹیز، محتاط طور پر منتخب کی گئی بلو چپ ایکویٹیز اور دیگر مقررہ آمدنی کے ذرائع اور نقد سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کاری کی مناسب نشوونما اور مستحکم منافع جات حاصل کرنا ہے۔

### ای ایف یو گارانٹیڈ گروتھ فنڈ:

مستحکم منافع جات فراہم کرنے والا سرمایہ کاری فنڈ اس ضمانت کے ساتھ کہ فنڈ کی بڈ پرائس نیچے نہیں آئے گی۔ اس کا مقصد قلیل المدّت قرضہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کے ذریعے مستحکم نشوونما حاصل کرنا ہے۔

### ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ:

سرمایہ کاری فنڈ جسکا خاص مقصد سود سے پاک سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری ہے۔ اس کا ہدف سرمایہ کاری کی ایک وسیع حد میں سرمایہ کاری کے ذریعے، جیسے کہ اسلامی میوچل فنڈز، شریعہ سے منظور شدہ ایکویٹیز، اسلامی بینکوں میں مدّت پر مبنی ٹرم ڈیپازٹس اور سکوک بانڈز کے ذریعے، سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

### ای ایف یو ایگریسو فنڈ:

ایک سرمایہ کاری فنڈ جسکا مقصد ایکویٹیز میں سرمایہ کاری کرکے تیزی سے ریٹرنز حاصل کرنا ہے۔ اس کا مقصد سرمایہ کاری کے ساتھ مارکیٹ کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے سرمائے کی نشوونما کو بڑھانا ہے۔

## اخراجات

پلان پر درج ذیل اخراجات کا اطلاق ہوتا ہے:

| | |
|---|---|
| فنڈ مینجمنٹ اخراجات: | فنڈ قدر کا 1.5 فیصد سالانہ |
| بڈ آفر سپریڈ | کُل باقاعدہ پریمیئم کا 5 فیصد |
| ایڈمنسٹریشن اخراجات | 90 روپے (سالانہ منہا کئے جائیں گے) |

## قابلِ تنبیہ امور

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف کی پیش کردہ ہے، یہ یو بی ایل یا اس سے ملحق کسی ادارے سے ضمانت کردہ یا بیمہ شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ یو بی ایل کی پراڈکٹ ہے۔ ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ انشورڈ کسٹمر اور بینیفشریز کے کلیمز کے تصفیہ کا ذمہ دار ہوگا۔
- ای ایف یو کے فنڈز کی سابقہ کارکردگی ضروری نہیں کہ مستقبل کے نتائج کی نشاندہی کرے، اسی طور پر کوئی بھی پیشین گوئی فنڈ کے ممکنہ یا مستقبل کے کارکردگی کے طور پر لینا ضروری نہیں، اور نہ ہی ای ایف یو لائف اور نہ ہی یو بی ایل اسکے لئے کوئی ذمہ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ایک انفرادی وضاحت آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی طرف سے پیش کی جائیگی، براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کیلئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- معاہدہ کن خطوط پر کام کرتا ہے اس کی وضاحت پالیسی کی شرائط وضوابط میں کی گئی ہے۔ یہ کتابچہ منصوبے کے خدوخال اور فوائد کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے۔
- یو بی ایل ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ کی طرف سے ڈسٹری بیوٹر/ کارپوریٹ ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے اور نہ ہی انشورڈ کسٹمر/ کسٹمرز، بینیفشری/ بینیفشریز یا کسی بھی تھرڈ پارٹی کی طرف سے کسی صورت میں ذمہ دار ہوگا۔
- منتخب شدہ فنڈ میں کی گئی تمام سرمایہ کاریاں مارکیٹ میں نقصان کی صورت حال پر منحصر کرتی ہیں۔ منتخب شدہ فنڈ میں سرمایہ کاری کی کارکردگی میں نقصان پالیسی ہولڈر (انشورڈ شخص) کی ذمہ داری ہوگا۔
- فنڈز کی سرمایہ کاری کی معلومات جاننے کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.efulife.com/investor-relations/funds-prices/funds-performance-charts/) ملاحظہ کیجئے۔

LIFE
Zaroori Hai

For further details you may contact EFU advisors at UBL branches or contact EFU at;
Head Office: EFU Life House: Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan.
UAN: (021) 111-EFU-111 (111-338-111).
Fax: (021) 34537519
Email: csd@efulife.com
Website: www.efulife.com

where you come first